پریس ریلیز ۱۴ دسمبر ۲۰۱۶ء

جامعہ ملیہ اسلامیہ میں ہندوستان میں اسلام: سیاست، سماج اور کلچر کے موضوع پر قومی سمینار

ہند عرب کلچرل سینٹر جامعہ ملیہ اسلامیہ مورخہ ۱۵۔۱۶ دسمبر ۲۰۱۶ء کو 'ہندوستان میں اسلام: سیاست، سماج اور کلچر' کے موضوع پر دوروزہ قومی سمینار منعقد کررہا ہے۔

پروفیسر طلعت احمد شیخ الجامعہ جامعہ ملیہ اسلامیہ نے مورخہ ۱۵ دسمبر کو ہند عرب سینٹر کے کانفرنس روم میں صبح ۱۰:۳۰ بجے نیشنل سیمینار کا افتتاح کرنے کے منظوری دے دی ہے۔ جناب پروفیسر شاہد اشرف صاحب پرو وائس چانسلر جامعہ ملیہ اسلامیہ اس افتتاحی پروگرام کے مہمان خصوصی ہوں گے۔

سمینار کا مقصد ساتویں صدی میں برصغیر میں اسلام کی آمد کے بعد سے اسلام سے متعلق معاملات وامور پر بحث و غوروخوض کرنا ہے۔

سمینار میں شرکت کے لیے ملک بھر سے ممتاز اہل علم و دانش تشریف لا رہے ہیں۔اس سمینار میں کئی موضوعاتی اجلاس ہوں گے۔ ہندوستان میں اسلام کی آمد، جنوب ہندوستان میں اسلام کی ابتدائی نشر وتبلیغ، عربوں کا سندھ فتح کرنا، اوائلی مسلم بستیاں، اسلام ایک سیاسی فکر کے طور پر، اسلامی تحریکات، صوفی ازم اور ہندوستان میں مدارس کا نیٹ ورک وغیرہ اہم موضوعات ہیں۔

سمینار میں ان موضوعات پر سیاسی، تاریخی اور سماجی نقطہ ہائے نظر سے اسلام کی جامع انداز میں تفہیم کی بحث ہوگی اور ساتھ ہی اس کے موجودہ حرکیات کا زمینی اور ناقدانہ جائزہ بھی لیا جائے گا۔

اس موقع پر سینٹر کے ایسوسی ایٹ پروفیسر ڈاکٹر ناصر رضا خان کی مرتبہ دو کتابوں انڈیا اینڈ سینٹرل ایشیا: ارضی سیاسیات، معاشیات وکلچر اور صوفی ازم ان انڈیا اینڈ سینٹرل ایشیا کی رسم رونمائی بھی ہوگی۔

پروفیسر صائمہ سعید
اعزازی نائب میڈیا کوآرڈینیٹر
9891227771

پروگرام کی تفصیل اس پریس دعوت نامہ کے ساتھ منسلک ہے